UIC PAKISTAN

# THE UNITED INSURANCE COMPANY OF PAKISTAN LTD.

RATED AA- BY PACRA

## NOTICE OF THE 58th ANNUAL GENERAL MEETING

NOTICE is hereby given that the 58th Annual General Meeting of THE UNITED INSURANCE COMPANY OF PAKISTAN LIMITED will be held on Monday the April 30, 2018 at 09:00 a.m. at the Institute of Chartered Accountants of Pakistan, Auditorium Hall, Chartered Accountants Avenue Clifton, Karachi, to transact the following business:

**ORDINARY BUSINESS**

1) To confirm the Minutes of the 57th Annual General Meeting of the Company held on April 29, 2017.

2) To receive, consider and adopt the Annual Audited Accounts of the Company for the year ended December 31, 2017 together with the Directors' and Auditors' Reports thereon.

3) To appoint External Auditors of the Company for the financial year 2018 and fix their remuneration. The retiring Auditors M/s. Ilyas Saeed & Company, Chartered Accountants, being eligible, have offered themselves for re-appointment.

4) To elect Seven (7) Directors of the Company as fixed by the Board in the meeting held on March 22, 2018 in accordance with the provision of Section 159(1) of the Companies Acts - 2017 for the period of three (3) years commencing from May 01, 2018 in place of retiring Directors namely:-

i) Mr. Javaid Sadiq
ii) Mr. Khawas Khan Niazi
iii) Mr. Muhammad Rahat Sadiq
iv) Ms. Huma Waheed
v) Mr. Agha Ali Imam
vi) Mr. Jamil Ahmed Khan
vii) Mr.Taseer Yousaf Makhdoom

The retiring Directors are eligible for re-election.

**SPECIAL BUSINESS**

5) To consider and approve the Bonus Share in the ratio of 13 shares for every 100 shares held i.e. 13% as recommended by the Board of Directors and, if considered appropriate, to pass with or without modification(s) the following resolutions:

**Resolved** that a sum of Rs. 260,201,760/= out of the profits available for appropriation as at December 31, 2017 be capitalized and adopted to the issue of ordinary shares of Rs.10 each allotted as fully paid Bonus Shares (B-23) @ 13 % in the proportion of 13 share for every 100 shares held by Company's members whose names appear on the register of members as at close of business on 23-04-2018 and that the Bonus shares shall rank pari passu in all respects with the existing shares.

**Further Resolved** that in the event of any member becoming entitled to a fraction of bonus share the Directors be and are hereby authorized to consolidate all such fraction share(s) so constituted on the stock market and to pay the proceed of the sale when realized to a recognized charitable institution as may be selected by the Directors of the Company.

**Further Resolved** that the Company Secretary be and is hereby authorized and empowered to give effect to these resolutions and to do or cause to be done all acts, deeds and things that may be necessary or required for issue, allotment and distribution of Bonus Shares.

6) To consider and if deemed fit, to pass the following Special Resolution under Section 199 of the Companies Act - 2017, with or without modification, additions(s) or deletions(s) as recommended by the Directors.

**Resolved** that in pursuant of the approval from the shareholders at 13th EOGM held on 31st August 2016, under Section 199 of the Companies Act 2017 that The United Insurance Company of Pakistan Limited be and is hereby authorized to enhance investment in Apna Microfinance Bank Limited by way of share deposit money to the extent of Rs.400,000,000/- (Rupees Four Hundred Million Only).

7) To consider and approve the remuneration of Executive Directors (including Chief Executive Officer) and fee to the non-Executive/Independent Directors of the Company during the year 2018.

8) To transact any other business may be brought forward with the permission of the Chair.

**By Order of the Board**

**Athar A. Khan**
(Company Secretary)

Karachi.
April 06, 2018

**NOTES:**

1. Any person who seeks to contest the election of Directors shall, whether he/she is retiring Director or otherwise, must file the following documents & information with the Company at its registered office not later than fourteen (14) days before the above said meeting his/her intention to offer himself/herself for the election of the Directors in terms of Section 159(3) of the Companies Act - 2017 together with:
   i) His/her Folio No./CDC Investor Account No./CDC Participate ID No./Sub-Account No.
   ii) Notice of his/her intention to offer himself/herself for the election of Directors in terms of Section 159(3) of the Companies Act - 2017.
   iii) Detailed profile along with his/her office address as required under SRO 1222(1) 2015 dated December 10, 2015 of the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP).
   iv) An attested copy of valid Computerized National Identity Card.
   v) Signed declaration in respect of being compliant with the requirements of the Code of Governance and the eligibility criteria as set out in the Companies Act - 2017 to act as Director of the listed company.
   vi) Information on Annexure A and affidavits on Annexure B & C required under the Insurance Companies (Sound and Prudent Management) Regulations 2012.
2. The Register of Members and the Share Transfer Books of the Company shall remain closed from April 24, 2018 to April 30, 2018 (both days inclusive). Transfers received at Company's Share Registrar M/s. F.D. Registrar Services (SMC-Pvt.) Limited, Office # 1705, 17th Floor, Saima Trade Tower - A, I. I. Chundrigar Road, Karachi by the close of business on 23-04-2018, will be treated in time for the purpose of determining entitlement to the Dividend & Bonus Shares and to attending the meeting.
3. All members entitled to attend and vote at this meeting may appoint any other member as his/her proxy to attend and vote instead of him/her.
   a) A proxy must be a member of the Company. Proxies in order to be effective must be received at the Registered Office, situated at 204, Madina City Mall, Abdullah Haroon Road, Karachi not later than forty eight (48) hours before the time fixed for the meeting.
   b) The Proxy shall produce his/her original CNIC or Passport at the time of the meeting.
   c) Proxy form shall be witnessed by two persons whose, name, CNIC nos. and addresses shall be mentioned on the proxy form.
4. CDC Account holders are required to follow the below mentioned guidelines as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan.
   a) In case of individual(s), the account holder (s) or sub-account holder (s) shall authenticate his/her identity by showing his/her original CNIC card or original passport at the time of attending the Meeting.
   b) In case of corporate entities, the Board of Directors' Resolution/Power of Attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the Meeting.
5. Shareholders are requested to immediately notify change in address, if any, to the Company's Share Registrar, at the following address:

   M/s. F.D. Registrar Services (SMC-Pvt.) Limited,
   Office # 1705, 17th Floor, Saima Trade Tower - A,
   I.I. Chundrigar Road, Karachi - 74000.
6. **Withholding Tax on Bonus Issue @ 5%**

   Pursuant to the provisions of the Financial Act 2014 listed companies issuing bonus shares have been made responsible for collecting tax on the said deemed income, which is 5 percent of the value of bonus shares under Section 236 M of Income Tax Ordinance 2001. Tax collected by the Company shall be a final tax on the income of the shareholder of the company arising from issuance of bonus shares. The Company quoted on the stock exchange, issuing bonus shares to the shareholders of the company, shall withhold 5% of the bonus shares to be issued. These bonus shares withheld shall only be issued to the shareholder if the company collects, within fifteen days, from the shareholder tax equal to five percent of the value of the total bonus shares issued to the shareholder determined on the basis of the day-end price on the first day of closure of books. In case of default, either on part of the company or the shareholder, the company may deposit the bonus shares withheld in Central Depository Company of Pakistan Limited or any other entity as may be prescribed.
7. **Placement of Financial Statement**

   The Company has placed the Audited Annual Financial Statement for the year ended December 31, 2017 along with Auditors' and Directors' Reports thereon on its website: www.theunitedinsurance.com
8. **Video Conference Facility**

   Pursuant under Section 132(2) of the Companies Act 2017, members of the Company may also attend and participate in the AGM through video conference facility. If members residing in the vicinity, collectively holding 10% or more shareholding, may demand in writing, to participate in the AGM through video conference (as per format appended below) at least seven (7) days prior to the date of AGM.

   After receiving the consent of members having 10% or more shareholding in aggregate, the company will intimate members regarding venue of video conference facility at least five (5) days before the date of AGM.

   I/we, ____________ of ____________, being a member of The United Insurance Company of Pakistan Limited, holding ________ ordinary share(s) as per CDC Participant ID & sub-account no. ____________, hereby opt for video conference facility at ____________.

**Statement under Section 134(3) of the Companies Act - 2017**

This Statement sets out the material facts concerning the Special Business to be transacted at the 58th Annual General Meeting and the proposed Resolutions related thereto:

**Agenda Item No. 5: Bonus Shares**

Bonus issue will be governed by rules and regulations. The Directors being satisfied with the reserves and profits of the Company as at December 31, 2017 have recommended an issue of Bonus Shares. The Directors have no interest directly or indirectly, except that they are members of the Company.

**Agenda Item No. 6: Investment in APNA Microfinance Bank**

| Ref. No. | Requirement | Information |
|---|---|---|
| i | Name of associated company | APNA Microfinance Bank Limited |
| | Criteria of associated relationship | Investment in Equity |
| ii | Purpose | Market development and risk Reduction and to ensure capital adequacy ratio of the bank |
| | Benefits | To earn return on equity through dividend income from investment in associated company and capital appreciation |
| | Period of Investment | Strategic long term investment |
| iii | Maximum amount of investment | Rs. 400 million (Rupees Four Hundred Million only) |
| iv | Maximum price at which securities will be acquired | Rs. 10 per share |
| v | Maximum number of securities acquired | 40 million shares |
| vi | Shareholding before investment | No. of Shares 111.250 million<br>Shareholding percentage 44.50% |
| | Shareholding after investment | No. of Shares 151.250 million<br>Shareholding percentage 52.16% |
| vii | Investment in listed security | Preceding twelve weekly average market price Rs. 5.48 per share |
| ix | Break up of value of Shares | Rs 4.60 per share as at 31-12-2017 |
| x | Earnings per share for the last three years | 2014 Earning per share 0.07,<br>2015 Loss per share (0.16),<br>2016 Loss per share (3.34) |
| xi | Source of funds from which share will be acquired | Own Funds of the Company |
| xii | Requirements if shares are intended to be acquired using borrowed funds | Not Applicable |
| xiii | Salient features of agreement(s) entered into with the associated company | Not Applicable |
| xiv | Direct/indirect interest of directors in the associated company | Not Applicable |
| xv | Any other important detail | None |

**Agenda Item No. 7: Remuneration of Directors**

Approval of the Members is required for remuneration for holding the respective offices in respect of the Chief Executive Officer, Executive Directors and fee of the Non-Executive Directors/Independent Directors. For this purpose, it is proposed that, the following resolution be passed as a Special Business:

**RESOLVED THAT** approval be and is hereby granted for the holding of offices in the Company by the Chief Executive Officer, Executive Director/Non-Executive/Independent Directors, and the payment of remuneration to them for their individual contract under the rules of the Company.

# دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ

پیکرا (PACRA) کی جانب سے AA- قرار شدہ

## 58 ویں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کا 58 واں سالانہ اجلاس عام بروز پیر 30 اپریل 2018 کو صبح 9:00 بجے انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان آڈیٹوریم ہال، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایونیو، کلفٹن کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی امور**

1- کمپنی کے 57 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 29 اپریل 2017 کی کارروائیوں کی توثیق۔

2- 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس مع ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3- مالی سال 2018 کے لئے کمپنی کے ایکسٹرنل آڈیٹرز کا تقرر۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز الیاس سعید اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس نے اہل ہونے کی بناء پر خود کو دوبارہ تقرری کے لئے پیش کیا ہے۔

4- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 159(1) کی شقوں کے مطابق یکم مئی 2018 سے شروع ہونے والی تین سالہ مدت کے لئے درج ذیل سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ کمپنی کے ساتھ (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا جیسا کہ بورڈ نے اپنے اجلاس منعقدہ 22 مارچ 2018 میں مقرر کیا ہے۔

(i) جناب جاوید صادق (ii) جناب خواص خان نیازی

(iii) جناب محمد راحت صادق (iv) محترمہ ہما وحید

(v) جناب آغا علی امام (vi) جناب جمیل احمد خان

(vii) جناب تاثیر یوسف مخدوم

سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لئے اہل ہیں۔

**خصوصی امور**

5- موجودہ ہر 100 شیئرز کے لئے 13 شیئرز کے تناسب میں یعنی 13 فیصد بونس شیئر پر غور وخوض اور اس کی منظوری جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے اس کی سفارش کی گئی ہے اور اگر درست تصور کیا گیا تو درج ذیل قراردادوں کی ترمیم یا بلا ترمیم منظوری دینا۔

قرار پایا کہ 31 دسمبر 2017 کو تصرف کے لئے موجود منافع میں سے -/260,201,670 روپے کی رقم =/10 روپے مالیت کے عمومی شیئرز کے مکمل ادا شدہ بونس شیئرز (بی-23) کے طور پر 13 فیصد یعنی 13 شیئرز برائے ہر 100 شیئرز کی شرح سے کمپنی کے ان ممبران جن کے نام 23 اپریل 2018 کو اختتام کار تک ممبران کے رجسٹر میں موجود ہوں، کو جاری کرنے کے لئے مختص کردیئے جائیں اور یہ کہ بونس شیئرز ہر لحاظ سے موجودہ شیئرز کے مساوی ہوں گے۔

مزید قرار پایا کہ بونس شیئرز کے اجرا کے لئے تناسب سے بچ جانے والے شیئرز کو اکٹھا کر کے اسٹاک مارکیٹ میں فروخت کر کے اس سے حاصل شدہ رقم کسی تسلیم شدہ فلاحی کمپنی کے ڈائریکٹرز کے منتخب کردہ ادارہ کو ادا کرنے کا اختیار ڈائریکٹر کو دیا جاتا ہے۔

مزید قرار پایا کہ کمپنی سیکریٹری کو ان قراردادوں پر عملدرآمد کے لئے تمام اقدامات، ڈیڈز اور بونس شیئرز کے اجرا، الاٹمنٹ اور تقسیم کے لئے ضروری کارروائی کرنے کا اختیار دیا جاتا ہے۔

6- کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے تحت درج ذیل خصوصی قرارداد پر غور وخوض اور درست پانے کی صورت میں اس کی ترمیم یا بلا ترمیم، اضافی یا اخراجی منظوری جیسا کہ ڈائریکٹرز نے سفارش کی ہے۔

قرار پایا ہے کہ 31 اگست 2016 کو منعقدہ 13 ویں غیر معمولی اجلاس میں شیئر ہولڈرز سے لی گئی منظوری کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 199 کے تحت دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان کو اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ -/400,000,000 ملین روپے (چار سو ملین روپے صرف) کی حد تک شیئرز ڈپازٹ کی رقم کے ذریعے اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ میں سرمایہ کاری کو توسیع دے۔

7- ایگزیکٹو ڈائریکٹرز (بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر) کے معاوضے اور کمپنی کے نان ایگزیکٹو/ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی فیس برائے سال 2018 پر غور وخوض اور منظوری۔

8- صدر اجلاس کی اجازت سے پیش کردہ کسی دیگر کارروائی کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ

اطہر اے خان
(کمپنی سیکریٹری)

کراچی
6 اپریل 2018

نوٹ:

1- کوئی بھی فرد جو ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہشمند ہو چاہے وہ سبکدوش ہونے والا ڈائریکٹر یا کوئی دیگر ہو، اسے لازماً درج ذیل دستاویزات اور معلومات کمپنی کے پاس اس کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے وقت سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنیز ایکٹ- 2017 کے سیکشن 159(3) کی شرائط کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کے ارادے کے نوٹس کے ساتھ جمع کرانی ہوں گی۔

(i) اپنا فولیو نمبر/ سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ نمبر/ سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی نمبر/ ذیلی اکاؤنٹ نمبر۔

(ii) کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 159(3) کی شرائط کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے خود کو پیش کرنے کا نوٹس۔

(iii) مفصل کوائف مع اپنے دفتر کا پتہ جیسا کہ سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ایس آر او 2015(1)1222 مورخہ 10 دسمبر 2015 کے تحت ضروری ہے۔

(iv) کارآمد کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل۔

(v) کوڈ آف گورننس کی شرائط کے مطابق کمپلائنٹ کے سلسلے میں دستخط شدہ ڈیکلریشن اور اہلیت کا معیار جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 میں کسی لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹرز کے طور پر درج ہے۔

(vi) ضمیمہ اے پر معلومات اور ضمیمہ بی اور سی پر حلف نامے جیسا کہ انشورنس کمپنیز (ساؤنڈ اینڈ پروڈینٹ منیجمنٹ) ریگولیشنز 2012 کے تحت ضروری ہے۔

2- ممبران کا رجسٹر اور کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 24 اپریل 2018 تا 30 اپریل 2018 (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی- پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر واقع 1705، سترہویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور- اے، آئی آئی چندریگر روڈ کراچی میں 23 اپریل 2018 کو اختتام کار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور ڈیویڈنڈ اور بونس شیئرز کی اہلیت کے تعین کے لئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

3- اجلاس ہٰذا میں شرکت اور رائے دہی کے اہل تمام ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کر سکتے ہیں۔

(الف) پروکسی لازمی طور پر کمپنی کا ممبر ہو، پروکسی کی تقرری کی دستاویز اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع 204، مدینہ سٹی مال، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی میں مل جانی چاہیے۔

(ب) پروکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ج) پروکسی فارم پر دو (2) افراد کی گواہی ہونا چاہیے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم میں درج ہوں۔

4- سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈر کو سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

(الف) انفرادی اکاؤنٹ ہولڈر/ سب اکاؤنٹ ہولڈر کو اجلاس میں شرکت کے موقع پر شناخت کے لئے اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

(ب) کارپوریٹ اینٹٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کئے گئے ہوں) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوں گے۔

5- حصص یافتگان سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر شیئرز رجسٹرار کو درج ذیل پتہ پر مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

میسرز ایف-ڈی رجسٹرار سروسز (ایس ایم سی، پرائیویٹ) لمیٹڈ،
آفس نمبر 1705، سترہویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور- اے، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی-74000۔

6- **بونس ایشو پر ود ہولڈنگ ٹیکس شرح 5 فیصد**

فنانشل ایکٹ 2014 کی شقوں کے مطابق بونس شیئرز جاری کرنے والی لسٹڈ کمپنیاں مذکورہ تصور شدہ آمدنی پر ٹیکس وصول کرنے کی ذمے دار ہیں جو انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن M 236 کے تحت بونس شیئرز کی مالیت کا 5 فیصد ہے۔ کمپنی کی جانب سے وصول کردہ ٹیکس کمپنی کے شیئر ہولڈر کی آمدنی پر بونس شیئرز کے اجرا سے حاصل ہونے والا حتمی ٹیکس ہوگا۔ کمپنی اسٹاک ایکسچینج کو واضح کرتی ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو جاری بونس شیئرز میں سے بونس شیئرز کا 5 فیصد روک لے گی۔ روکے جانے والے یہ بونس شیئرز صرف ان شیئر ہولڈرز کو جاری کئے جائیں گے اگر کمپنی پندرہ دنوں کے اندر شیئر ہولڈر سے مجموعی جاری کردہ بونس شیئرز کی مالیت کا پانچ فیصد ٹیکس وصول کرلے گی اور اس مالیت کا تعین کتب کی بندش کے پہلے روز اختتامی نرخ کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ کمپنی یا شیئر ہولڈر کسی کی بھی جانب سے اس امر میں ناکامی پر کمپنی بونس شیئرز کو سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ یا کسی بھی دوسرے ادارے میں جمع کراسکتی ہے جیسا بھی طے کیا جائے۔

7- **مالیاتی حسابات کی پلیسمنٹ**

کمپنی نے 31 دسمبر 2017 کو ختم ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ مالیاتی حسابات بشمول ان پر آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ اپنی ویب سائٹ www.theunitedinsurance.com پر فراہم کردی ہے۔

8- **وڈیو کانفرنس کی سہولت**

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 132(2) کے مطابق کمپنی کے ممبران اے جی ایم میں وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شرکت کر سکتے ہیں۔ اگر کسی ایک مقام پر مقیم 10 فیصد یا زائد شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے تحریری طور پر اے جی ایم میں بذریعہ وڈیو کانفرنس (بمطابق درج ذیل فارمیٹ) شرکت کے لئے اے جی ایم کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل مطالبہ کیا گیا تو کمپنی یہ سہولت فراہم کردے گی۔

10 فیصد یا زائد مجموعی شیئر ہولڈنگ کے حامل ممبران کی جانب سے اجازت موصول ہونے کے بعد کمپنی ممبران کو وڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام کے بارے میں اے جی ایم کی تاریخ سے کم از کم پانچ (5) دن قبل مطلع کردے گی۔

میں/ہم ............... بابت ............... بحیثیت دی یونائیٹڈ انشورنس کمپنی آف پاکستان کا ممبر، حامل ............... عمومی شیئرز بمطابق سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی اور ذیلی اکاؤنٹ نمبر ............... بذریعہ ہٰذا بمقام ............... یہ وڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں/ چاہتے ہیں۔

### کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 134(3) کے تحت اسٹیٹمنٹ

اس اسٹیٹمنٹ میں 58 ویں سالانہ اجلاس عام میں انجام دیئے جانے والے خصوصی امور اور اس سے متعلق مجوزہ قراردادوں سے متعلق ضروری حقائق شامل کئے گئے ہیں:

**ایجنڈا نمبر 5: بونس شیئرز**

بونس ایشو قواعد وضوابط کے ذریعے طے کیا جائے گا۔ ڈائریکٹرز 31 دسمبر 2017 کے مطابق کمپنی کے اثاثہ جات اور منافع جات کے بارے میں مطمئن ہیں اور اس امر کے تحت بونس شیئرز کے اجرا کی سفارش کی گئی ہے۔ ڈائریکٹرز کا بلواسطہ یا بلاواسطہ کوئی مفاد نہیں ماسوائے اس کے کہ وہ کمپنی کے ممبر ہیں۔

**ایجنڈا آئٹم نمبر 6: اپنا مائیکرو فنانس بینک میں سرمایہ کاری**

| نمبر شمار | ضرورت | تفصیل |
|---|---|---|
| i | منسلکہ کمپنی کا نام | اپنا مائیکرو فنانس بینک لمیٹڈ |
| | منسلکہ تعلقات کار کی اہلیت | ایکویٹی میں سرمایہ کاری |
| ii | مقصد | مارکیٹ میں پیشرفت اور خطرات میں کمی اور بینک کے سرمائے کے مناسب تناسب کو یقینی بنانا |
| | فوائد | منسلکہ کمپنی اور کیپٹل ایپریسیشن میں سرمایہ کاری سے منافع مقسمہ کی آمدنی کے ذریعے ایکویٹی پر منافع کا حصول |
| | سرمایہ کاری کی مدت | اسٹریٹجک طویل مدتی سرمایہ کاری |
| iii | سرمایہ کاری کی زیادہ سے زیادہ مالیت | 400 ملین روپے (چار سو ملین روپے صرف) |
| iv | زیادہ سے زیادہ نرخ جس پر سیکورٹیز حاصل کی جائیں گی | 10 روپے فی شیئر |
| v | حاصل کی جانے والی سیکورٹیز کی زیادہ سے زیادہ تعداد | 40 ملین شیئرز |
| vi | سرمایہ کاری سے قبل شیئر ہولڈنگ | شیئرز کی تعداد: 111.250 ملین<br>شیئر ہولڈنگ کا تناسب 44.50 فیصد |
| | سرمایہ کاری کے بعد شیئر ہولڈنگ | شیئرز کی تعداد: 151.250 ملین<br>شیئر ہولڈنگ کا تناسب 52.16 فیصد |
| vii | لسٹڈ سیکورٹی میں سرمایہ کاری | رواں بارہ ہفتہ وار اوسطاً مارکیٹ نرخ 5.48 روپے فی شیئر |
| ix | شیئرز کی بریک اپ ویلیو | 4.60 روپے فی شیئر بمطابق 31-12-2017 |
| x | گزشتہ تین سالوں کے لئے آمدنی فی شیئر | 2014 آمدنی فی شیئر 0.07<br>2015 خسارہ فی شیئر (0.16)<br>2016 خسارہ فی شیئر (3.34) |
| xi | فنڈز کا ذریعہ جہاں سے شیئرز حاصل کئے جائیں گے | کمپنی کے ذاتی فنڈز |
| xii | وہ شرائط اگر شیئرز قرض لئے گئے فنڈز سے حاصل کرنے کا ارادہ ہو | لاگو نہیں ہوتا |
| xiii | منسلکہ کمپنی کے ساتھ کئے گئے معاہدوں کی اہم تفصیلات | لاگو نہیں ہوتا |
| xiv | منسلکہ کمپنی میں ڈائریکٹرز کا بلواسطہ/ بلاواسطہ مفاد | لاگو نہیں ہوتا |
| xv | کوئی دیگر اہم تفصیل | کوئی نہیں |

**ایجنڈا نمبر 7: ڈائریکٹرز کا معاوضہ**

چیف ایگزیکٹو آفیسر، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز کے متعلقہ عہدوں کے لئے معاوضے اور نان ایگزیکٹو ڈائریکٹرز/ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی فیس کے تعین کے لئے ممبران کی منظوری درکار ہے۔ اس مقصد کے لئے یہ تجویز کیا گیا ہے کہ درج ذیل قرارداد کو بطور خصوصی امور منظور کیا جائے۔

قرار پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، ایگزیکٹو ڈائریکٹرز/ نان- ایگزیکٹو/ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے عہدوں کے لئے بذریعہ ہٰذا کمپنی کے قوانین کے تحت ان کے انفرادی کنٹریکٹ کے لئے ان کو معاوضوں کی ادائیگی کی منظوری دی جاتی ہے۔